۴۰ کی غلط تفسیر کا ذکر ہے اور محمد علی لاہوری کی کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے۔

سورۃ الحجرات کی آیت ۱۵ کے ترجمے میں' لفظ بـاموالھم کا انگریزی ترجمہ غلطی سے چھوڑ گئے ہیں۔ تفسیر کے متن میں آیت ۱۴ کے عربی متن میں قُلْ لَمْ تُؤْمِنُوا...... کی جگہ لـم تا، منوا چھپ گیا ہے۔ ان غلطیوں کی اصلاح ہونی چاہیے۔

بحیثیت مجموعی انگریزی دان مسلمانوں کو اہل ایمان کے شایان شان آداب سکھانے' اجتماعی زندگی میں فساد برپا کرنے والی برائیوں سے بچانے' قومی اور نسلی امتیازات کو ختم کرنے اور اپنی بڑائی قائم کرنے کی خاطر دوسروں کو گرانے کے رجحان اور اپنے شرف پر فخر وغرور کی جڑ کاٹ دینے کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ہے۔ (محمد اسلم سلیمی)

اشاریہ کلام اقبال' اُردو (مصرع وار)' مرتبہ: یاسمین رفیق۔ نظرثانی: ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی۔ ناشر: اقبال اکادمی پاکستان' (ایوانِ اقبال) ایجرٹن روڈ' لاہور۔ صفحات: ۴۰۵ (مجلاتی روپ)۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔

کلام اقبال اور نثر اقبال اتنے خوش رنگ مظاہر پر مشتمل ہے کہ ان کا ایک ایک رنگ' نظر کو طراوت اور روح کو بالیدگی عطا کرتا ہے۔ اس قیمتی اثاثے کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ عہد حاضر کی مشینی زندگی میں' علم و دانش کے اس سرچشمے تک رسائی پانا اگرچہ ناممکن تو نہیں' لیکن ایک مشکل کام ضرور ہے۔

عصر حاضر کی علمی روایت میں ٹھوس پیش رفت ہوئی ہے یا نہیں؟ یہ ایک متنازع سوال ہے' لیکن اس بات پر اتفاق پایا جاتا ہے کہ انسانی زندگی کی معلوم تاریخ میں مطالعے کے لیے جتنی سہولتیں' اور جتنے سہارے اس عہد نے دیے ہیں' ان کا پہلے گمان تک بھی نہ کیا جا سکتا تھا۔ کتب کی اشاریہ سازی اسی سہولت کاری کا ایک معتبر پہلو ہے۔ اہل مغرب کے ہاں یہ فن اپنے کمال کو پہنچا ہوا ہے' لیکن ہمارے ہاں یہ روایت پوری طرح جڑ نہیں پکڑ سکی۔ اس فضا میں وہ لوگ غنیمت ہیں جو کتابی اشاریہ سازی کا اہتمام کرتے ہیں۔

کلامِ اقبال کے متعدد اشاریے گذشتہ ۲۰ برسوں کے دوران سامنے آئے ہیں' جن میں الفاظ اور شعروں کی بنیاد پر اشاریے بنائے گئے ہیں۔ اسی روایت میں وسعت اور صحت کے ساتھ زیرتبصرہ اشاریہ' علمی دُنیا اور عام لوگوں کے لیے ایک قیمتی تحفے کا درجہ رکھتا ہے جس میں' اقبال کے اردو کلیات کے تمام مصرعوں کو حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ چونکہ اس وقت کـلیـاتِ اقبال کو متعدد ناشروں نے چھاپ رکھا ہے' اس لیے اشاریہ ساز نے اردو کـلیـاتِ اقبال کے تین معروف نسخوں (قدیم ایڈیشن' شیخ غلام علی ایڈیشن' اقبال اکادمی ایڈیشن) کے صفحات کی' ہر مصرعے کے سامنے نشان دہی کر دی ہے۔